# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017


## URDU

**Section A: Multiple Choice Questions**
**Marks: 40**  **Time: 50 Minutes**

| Roll No | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

### ہدایات

1. ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔جوابات کے لئے دیئے گئے علیحدہ جوابی پرچے پر متعلقہ دائرے میں سیاہ رنگ بھریں۔سوالیہ پرچے پر جوابات کے نشان نہ لگائیں۔
2. جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔
3. سوالیہ پرچے پر سوال نمبر مثلاً 1, 2, 3, 4, 5... اور اس کے صحیح جواب مثلاً A, B, C, D کو نوٹ کریں اور اس کے بعد جوابی پرچے پر اُسی سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب کا دائرہ بھریں۔




اوپر دی گئی مثال میں سوال نمبر 2 کا درست جواب C ہے جس کے لئے جوابی پرچے میں سوال نمبر 2 کے سامنے C کا دائرہ سیاہ رنگ میں بھرا ہوا ہے۔

**Q.1** ’خط لکھا گیا‘ کا معروف جملہ ہے:

A. احمد نے خط لکھا۔
B. احمد خط لکھتا ہے۔
C. احمد خط لکھے گا۔
D. احمد خط لکھ رہا ہو گا۔

**Q.2** ’لاہور میں میچ دیکھا جا رہا ہے۔‘ کا معروف جملہ ہے:

A. عائشہ لاہور میں میچ دیکھ رہی تھی۔
B. عائشہ لاہور میں میچ دیکھ رہی ہو گی۔
C. عائشہ لاہور میں میچ دیکھ رہی ہے۔
D. عائشہ لاہور میں میچ دیکھتی ہے۔

**Q.3** درج ذیل میں کس جملے میں مختلف معانی والے ہم جنس الفاظ کا استعمال ہوا ہے؟

A. لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہوئے۔
B. دل ہی دل میں وہ خوش ہو رہا ہے۔
C. ایک نہ ایک دن میں بڑا آدمی بنوں گا۔
D. شام سے پہلے وہ شام پہنچ گیا۔

**Q.4** لفظ ’ارض‘ کا مترادف ہے:

A. زر
B. زمین
C. زن
D. زوال

Result.pk

**Q.5** محاورے ’چراغ گل ہونا‘ کا مطلب ہے:

A. زندگی ختم ہونا
B. زندگی میں بہار آنا
C. چراغ روشن کرنا
D. چراغ کا پھول بننا

**Q.6** درج ذیل میں سے غلط محاورے کی نشاندہی کریں۔

A. آنکھیں بچھانا
B. آپے سے باہر ہونا
C. خون کا لال ہونا
D. آفت کا پرکالا

**Q.7** ’خون پسینہ ایک کرنا‘ سے مراد ہے:

A. سخت گرمی ہونا
B. اپنا خون بیچنا
C. بہت محنت کرنا
D. گہری دوستی ہونا

**Q.8** ضرب المثل ’اونچی دکان پھیکا پکوان‘ سے مراد ہے:

A. دکانوں میں چٹ پٹے پکوان پکنا
B. دکانوں میں پھیکے پکوان پکنا
C. بہت زیادہ مشہور ہونا
D. شہرت زیادہ اصلیت کم

**Q.9** 'ایک انار سو بیمار' کا مطلب ہے:

A. ایک انار میں سو دانے ہوتے ہیں۔
B. ایک قسم کا انار جس میں بیماریوں کا علاج ہوتا ہے۔
C. چیز ایک مانگنے والے بے شمار ہوں۔
D. ایک انار کی وجہ سے دوسرے خراب ہو جاتے ہیں۔

**Q.10** قواعد کی رو سے 'روز مرہ' کی نشاندہی کریں۔

A. ہاتھ بٹانا
B. ہاتھ دھونا
C. ہاتھ پاؤں مارنا
D. ہاتھ ملانا

**Q.11** روز مرہ کے لحاظ سے درست جملے کی نشاندہی کریں۔

A. دل باغ باغ ہونا
B. صبح سویرے اٹھنا چاہیے۔
C. اتفاق میں برکت ہے۔
D. جیسی کرنی ویسی بھرنی

**Q.12** درج ذیل کہاوت کے لیے صحیح لفظ کا انتخاب کریں۔

شراکت کی ہنڈیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں پھوٹتی ہے۔

A. سڑک
B. گلی
C. چوراہے
D. میدان

**Q.13** درج ذیل کہاوت کو مکمل کرنے کے لیے مناسب الفاظ کا انتخاب کریں۔

چار دن کی چاندنی پھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A. خوشی کی رات
B. اندھیری رات
C. چاندنی رات
D. سہانی رات

**Q.14** قواعد کی رو سے 'روز مرہ' کی نشاندہی کریں۔

A. آپ آپ ہونا
B. جھوٹ بولنا بُری عادت ہے
C. الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے
D. جیسا دیس ویسا بھیس

Result.pk

**Q.15** درج ذیل میں 'مقولہ' کی نشاندہی کریں۔

A. آج مرے کل دوسرا دن
B. کام، کام اور بس کام
C. آپ کی کرم نوازی کا شکریہ
D. آسمان سر پر اٹھانا

**Q.16** لفظ 'بادب' میں 'با' علامت ہے:

A. لاحقہ کی
B. سابقہ کی
C. ردیف کی
D. قافیہ کی

**Q.17** لفظ 'جانباز' میں 'باز' علامت ہے:

A. سابقہ کی
B. قافیہ کی
C. ردیف کی
D. لاحقہ کی

**Q.18** درج ذیل الفاظ کی کس فہرست میں سابقہ 'قابل' لگے گا؟

A. قدر، عقل، عمل
B. قدر، دید، عمل
C. ممکن، عقل، دید
D. عمل، ممکن، ذکر

**Q.19** 'خانہ' سے لاحقہ کا درست جوڑا ہے:

A. خانہ بدوش، خانہ دل
B. ڈاکخانہ، باورچی خانہ
C. خانہ بدوش، غسل خانہ
D. غسل خانہ، خانہ دل

**Q.20** لفظ 'انسان' سے الفاظ کی ردیف کی درست ترتیب ہے:

A. بڑھاپا، جوانی، لڑکپن، بچپن، پیدائش
B. پیدائش، بچپن، جوانی، لڑکپن، بڑھاپا
C. پیدائش، لڑکپن، بچپن، جوانی، بڑھاپا
D. پیدائش، بچپن، لڑکپن، جوانی، بڑھاپا

درج ذیل تحریر کو پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

ائیر پورٹ پر جہاز اترا تو فرقان کے منہ سے ایک دم سے نکلا ''اللہ تیرا شکر ہے!'' جہاز کی کھڑکی سے باہر دیکھتے عرفان نے حیرت سے اپنے باپ کی طرف دیکھا۔ جن کا چہرہ اندرونی خوشی سے جگمگا رہا تھا۔ اس کی والدہ کی حالت بھی کچھ الگ نہیں تھی۔ بار بار اپنی آنکھوں کی نمی صاف کرتے ہوئے خوشی سے مسکرا بھی رہی تھی۔ ایئرپورٹ پر ان کے استقبال کے لئے لوگوں کا ہجوم دیکھ کر عرفان مزید حیران ہوا۔ چھوٹے سے لے کر بڑے تک انہیں لینے آئے ہوئے تھے۔ سب عرفان سے ایسے بات کر رہے تھے جیسے وہ ہمیشہ ہی سے یہاں رہتا ہو۔ حالانکہ اس کے ہوش میں یہ دوسرا موقع تھا۔ اسے تھوڑا سا یاد ہے کہ جب وہ پانچ یا چھ سال کا تھا تب اپنے والدین کے ساتھ پاکستان آیا تھا۔ آج وہ پورے پندرہ سال کا ہے اس دوران اس کے والدین بھی باہر کی دوڑتی بھاگتی زندگی کی وجہ سے پاکستان کا چکر نہیں لگا سکے تھے۔ نو سال بعد وطن کی سرزمین اور اپنے پیاروں کو دیکھ کر وہ اپنے جذبات پر قابو نہیں رکھ سکے اور بے اختیار رونے لگے۔

عرفان نے اپنے باپ کے کان میں سرگوشی کی، ''لگتا ہے یہاں کے لوگوں کے پاس بہت وقت ہے۔ جو سب یہاں ہمیں لینے چلے آئے ہیں۔'' فرقان نے اسے گھورا۔ ائیر پورٹ سے گھر تک کا سفر بھی سب کی باتوں اور شور شرابے کے درمیان ختم ہوا۔ بڑے سے گھر کی دہلیز پر دادا، دادی جان نے سرخ پھولوں کی پتیوں سے ان کا استقبال کیا فرقان جس طرح اپنے والدین سے لپٹ کر رو دیا۔ سب کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ عرفان بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ سب کے رویوں میں خلوص اور پیار تھا۔ یہ وہ چیز تھی جو پردیس کی فضاؤں میں نایاب تھی۔ وہاں کی مشینی زندگی میں سانس لیتے زندہ دلی کا احساس نہیں ہوتا۔ مگر یہاں سب اس کی سوچ کے برعکس ہے۔

**Q.21** درج بالا عبارت کے مطابق لفظ 'ہجوم' کا مطلب ہے:

A. رش ہونا
B. خوش ہونا
C. جرات کرنا
D. ہجرت کرنا

**Q.22** درج بالا عبارت کے مطابق جب عرفان دوسری بار پاکستان آیا تو اس کی عمر کیا تھی؟

A. پانچ سال
B. چھ سال
C. نو سال
D. پندرہ سال

**Q.23** درج بالا عبارت کے مطابق 'دوڑتی بھاگتی زندگی' سے کیا مراد ہے؟

A. خوشحال زندگی
B. مصروف زندگی
C. سست زندگی
D. لاچار زندگی

**Q.24** درج بالا عبارت کے مطابق فرقان اور عرفان کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

A. بھائی بھائی کا
B. باپ بیٹے کا
C. ماموں بھانجے کا
D. دادا پوتے کا

Result.pk

**Q.25** درج بالا عبارت کے مطابق عرفان نے فرقان کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے کیا کہا؟

A. والدہ کی حالت خراب ہے۔
B. ان لوگوں کے پاس بہت وقت ہے۔
C. والدہ کی آنکھوں میں نمی ہے۔
D. سب کے رویوں میں خلوص ہے۔

**Q.26** درج بالا عبارت کے مطابق اپنے والدین سے گلے لگ کر رونے والا کون تھا؟

A. عرفان
B. فرقان
C. دادا جان
D. چچا جان

**Q.27** درج بالا عبارت کا مناسب عنوان ہے:

A. ائیر پورٹ
B. پردیس
C. وطن عزیز
D. شور شرابا

درج ذیل تحریر کو پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

آج نتیجے کا دن ہے۔ اسکول کے میدان میں ایک اسٹیج بنایا گیا ہے۔ اور اسے مختلف رنگوں کی جھنڈیوں سے سجایا گیا ہے۔ قطار در قطار لگی کرسیوں پہ بیٹھے طلبہ کی بے چینی دیدنی ہے اللہ اللہ کر کے نتائج کا اعلان شروع ہوا۔ پہلی، دوسری، تیسری، چوتھی، پانچویں، چھٹی اور ساتویں کے بعد آٹھویں جماعت کی باری ہے۔ آٹھویں جماعت کے طلبہ کو یقین سا ہے۔ کہ اول پوزیشن حسب سابق حسن کی ہو گی اور ہوا بھی یہی۔ اول انعام حاصل کرنے کیلئے حسن کا ہی نام پکارا گیا۔ حسن ایک ذہین اور سلجھا ہوا لڑکا ہے۔ جماعت میں بھی اس کا رویہ اپنے ہم جماعتوں سے بہت اچھا ہے۔ اساتذہ کا ادب اور ان کی خدمت کرنا وہ اپنا فرض سمجھتا ہے۔ ہر ایک کے ساتھ اخلاق سے ملنا اور پڑھائی میں کمزور ہم جماعتوں کی مدد کرنا اس کی خوبی ہے۔ انہی خوبیوں کی بنا پر وہ ہر دل عزیز طالب علم بن گیا ہے۔ اساتذہ کی نظروں میں بھی وہ ایک پسندیدہ طالب علم ہے۔

**Q.28** طلبہ کی بے چینی دیدنی ہے، میں ' دیدنی ' سے مراد ہے:

A. سننے کے قابل
B. بولنے کے قابل
C. رحم کے قابل
D. دیکھنے کے قابل

**Q.29** درج بالا عبارت کے مطابق سکول میں تقریب جاری تھی:

A. یوم آزادی کی
B. تقسیم انعامات کی
C. سالانہ نتائج کی
D. بزم ادب کی

**Q.30** تقریب میں کن جماعتوں کے طالبِ علم موجود تھے؟

A. ایک سے آٹھویں جماعت تک کے
B. ایک سے چھٹی جماعت تک کے
C. چوتھی سے آٹھویں جماعت تک کے
D. تیسری سے چھٹی جماعت تک کے

**Q.31** درج بالا عبارت کے مطابق حسن طالب علم تھا:

A. دوسری جماعت کا
B. چوتھی جماعت کا
C. پانچویں جماعت کا
D. آٹھویں جماعت کا

**Q.32** درج بالا عبارت کے مطابق حسن کس کا ادب اور خدمت کرنا اپنا فرض سمجھتا تھا؟

A. اساتذہ کا
B. دوستوں کا
C. رشتہ داروں کا
D. پڑوسیوں کا

**Q.33** درج بالا عبارت کے مطابق حسن پڑھائی میں مدد کرتا تھا:

A. پسندیدہ بچوں کی
B. معذور بچوں کی
C. کمزور بچوں کی
D. چھوٹے بچوں کی

**Q.34** درج بالا عبارت کا مناسب عنوان ہے:

A. آزادی کا دن
B. ذہین لڑکا
C. آٹھویں جماعت
D. استاد کا احترام

Result.pk

درج ذیل نظم کو پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

خدا سے حسن نے اک روز یہ سوال کیا
جہاں میں کیوں نہ مجھے تو نے لازوال کیا
ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا
شب دراز عدم کا فسانہ ہے دنیا
ہوئی ہے رنگ تغیر سے جب نمود اس کی
وہی حسین ہے حقیقت زوال ہے جس کی

کہیں قریب تھا یہ گفتگو قمر نے سنی
فلک پہ عام ہوئی اخترِ سحر نے سنی

سحر نے تارے سے سن کر سنائی شبنم کو
فلک کی بات بتادی زمیں کے محرم کو

بھر آئے پھول کے آنسو پیامِ شبنم سے
کلی کا ننھا سا دل خون ہو گیا غم سے

چمن سے روتا ہوا موسمِ بہار گیا
شباب سیر کو آیا تھا سوگوار گیا

**Q.35** درج بالا نظم کی مطابق حُسن اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہے:

A. اپنے حُسن میں اضافے کا
B. زمین کے حسن میں اضافے کا
C. اپنے حسن کے زوال کا
D. فلک کے حسن کے زوال کا

**Q.36** نظم کے مطابق اللہ تعالیٰ کس سے مخاطب ہے؟

A. زمین سے
B. حسن سے
C. شباب سے
D. فلک سے

**Q.37** درج بالا نظم میں 'شبِ دراز' کے معنی ہے:

A. لمبی رات
B. سہانی رات
C. مختصر رات
D. اندھیری رات

**Q.38** درج بالا نظم کے مطابق تارے سے زمین تک خبر کس نے پہنچائی؟

A. فلک
B. سحر
C. پھول
D. قمر

**Q.39** درج بالا نظم کا مناسب عنوان ہے:

A. شباب
B. موسم بہار
C. فلک
D. حقیقت حُسن

**Q.40** درج بالا نظم سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

Result.pk

A. دنیا بہت خوبصورت ہے۔
B. دنیا کی ہر چیز کو زوال ہے۔
C. دنیا بہت معروف ہے۔
D. دنیا کی خوشیاں پائیدار ہیں۔

# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017

**URDU**

**Section B: Constructed Response Questions and Extended Response Questions**

**Marks: 60    Time: 2 Hours 10 Minutes**

| Roll No | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

**ہدایات:**

1. ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔
2. جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔
3. سوال کا جوابدی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

Constructed Response Questions

**سوال نمبر1.** (کل10نمبر)

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں۔اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

ایک دفعہ لوگوں نے حاتم طائی سے پوچھا کہ تونے دنیا میں اپنے سے زیادہ ہمت والا دیکھا یا سنا ہے۔اس نے کہا ہاں، میں نے ایک دن عرب کے مالداروں کے لئے چالیس اونٹ ذبح کیے۔تاکہ ان کی دعوت کروں۔ اس دوران میں جنگل میں گیا۔ وہاں، میں نے ایک لکڑہارے کو دیکھا۔ جس نے لکڑیاں جمع کر کے ایک گٹھا سا جمع کرر کھا تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ حاتم طائی کے ہاں مہمان کیوں نہیں ہو جاتا۔ کیوں کہ آج لوگ اس کے دستر خوان پہ جمع ہیں۔ اُس نے مجھ سے کہا؟ جو اپنی کمائی کھائے وہ حاتم طائی کا احسان کیوں اُٹھائے۔ میں نے اس کی بات سن کر انصاف کیا تو میں نے اس کو ہمت و مردانگی میں اپنے سے زیادہ دیکھا۔

**الف۔** درج بالا عبارت کے مطابق حاتم طائی نے کس کی دعوت کی اور کونسے جانور ذبح کیے؟ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

**ب۔** درج بالا عبارت کے مطابق حاتم طائی کہاں گیا اور کس سے ملا؟ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

**ج۔** درج بالا عبارت کے مطابق حاتم طائی کی لکڑہارے سے کہی گئی دو باتیں تحریر کریں۔ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

**د۔** درج بالا عبارت کے مطابق لکڑہارے کی دانائی کی کوئی سی دو باتیں تحریر کریں۔ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

**ہ۔** اپنے ہاتھ کی کمائی کے دو فائدے لکھیں۔ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

Result.pk

**سوال نمبر2.** **(کل10نمبر)**

درج ذیل نظم کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا
لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا
وہ پیاری پیاری صورت وہ کامنی سی مورت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانا
آتی نہیں صدائیں اس کی مرے قفس میں
ہوتی مری رہائی اے کاش میرے بس میں
کیا بدنصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں
ساتھی تو ہیں وطن میں، میں قید میں پڑا ہوں
آئی بہار کلیاں پھولوں کی ہنس رہی ہیں
میں اس اندھیرے گھر میں قسمت کو رو رہا ہوں

الف۔ درج بالا نظم کا مناسب عنوان تحریر کریں۔ (2نمبر)

Result.pk

______________________________________________

______________________________________________

ب۔ درج بالا نظم کے مطابق پرندے کی گزری ہوئی یادوں میں سے دو یادیں لکھیں۔ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

ج۔ درج بالا نظم کے مطابق پرندہ کہاں ہے اور کن دنوں کو یاد کر رہا ہے؟ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

د۔ آزادی کے دو فوائد تحریر کریں۔ (2نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

ہ۔ درج بالا نظم میں دیے گئے الفاظ کے معنی تحریر کریں۔ (2نمبر)

i۔کلیوں کا مسکرانا: ____________________________

ii۔دل پر چوٹ لگنا: ____________________________

**سوال نمبر3.** **(کل15نمبر)**

الف۔ درج ذیل ہم جنس الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں۔ (2نمبر)

۱۔کان: ____________________________

۲۔کان: ____________________________

ب۔ درج ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کریں: (2نمبر)

۱۔آنکھیں پھر لینا: ____________________________________________________________

۲۔دل بھر آنا: ____________________________________________________________

ج۔ درج ذیل ضرب الامثال کے مطلب تحریر کریں۔ (3نمبر)

i۔ آ بیل مجھے مار: ------------------------------------

ii۔ جس کی لاٹھی اُس کی بھینس: --------------------------

iii۔ نیکی کر دریا میں ڈال: ------------------------------

د۔ درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیں: (2نمبر)

۱۔راحت: --------------------------

۲۔اندھیرا: --------------------------

ہ۔ علامت 'با' سے دو الفاظ تحریر کریں۔ (2نمبر)

Result.pk

____________________________________________________________

____________________________________________________________

و۔ 'کرسی' کی ردیف کے حوالے سے کم سے کم دو الفاظ کی ترتیب لکھیں۔ (2نمبر)

____________________________________________________________

____________________________________________________________

ز۔ علامت 'دان' کی مدد سے دو الفاظ تحریر کریں۔ (2نمبر)

____________________________________________________________

____________________________________________________________

## Extended Response Questions

سوال نمبر4. (کل15نمبر)

الف۔ درج ذیل عنوانات میں سے **ایک** پر کم از کم 120 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔

i. صبح کی سیر

ii. یومِ والدین کی تقریب

iii. سڑکوں کے فائدے

**یا**

ب۔ درج ذیل نامکمل کہانی کو 120 الفاظ میں مکمل کریں۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں اپنے والد کے ساتھ جنگل میں گیا اور اپنے والد سے دور چلا گیا اچانک راستہ بھول گیا۔آگے جا کر کیا دیکھتا ہوں کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Result.pk

**سوال نمبر 5.** **(کل 10 نمبر)**

آپ کے علاقے میں درختوں کی انتہائی کمی ہے۔ شجر کاری کے لئے محکمہ جنگلات کے آفیسر کو ایک درخواست لکھیں۔ تاکہ وہ آپ کے علاقے میں شجر کاری مہم چلائیں۔

Result.pk